نقد و نظر

مسلمان کون ہے ؟

مصنف : مولانا محمد منظور وجیدی

ناشر : شرکۃ الآفاق - لاہور

ملنے کا پتہ : مکتبہ البوم ۱۹۰ مین بازار - مزنگ ، لاہور

صفحات : ۵۴۹ - قیمت پندرہ روپے

مولانا محمد منظور وجیدی ، وہ عالم دین ہیں ، جو نہایت خاموشی سے خدمت اسلام اور خدمت علم میں مصروف ہیں - کئی فقہی کتابوں کے عربی حواشی و تشریحات کا اردو میں ترجمہ کر چکے ہیں اور کئی کتابوں کے مصنف ہیں - نام و نمود اور شہرت کے بالکل خواہاں نہیں - بس دل میں ایک ہی خواہش رکھتے ہیں اور وہ ہے اللہ کے بندوں کی اصلاح اور اسلام کی روشنی میں علمی اور ذہنی تربیت - !

زیر نظر کتاب - مسلمان کون ہے ؟ - ان کی تازہ تصنیف ہے - یہ کتاب چار ابواب پر مشتمل ہے - باب اوّل میں اسلامی عقائد کی تفصیل سے وضاحت کی ہے اور کتاب و سنت کی روشنی میں آسان اور سادہ انداز میں اس موضوع کے تمام گوشوں کو اجاگر کیا ہے - باب دوم میں ارکان اسلام کی نشاندہی کی ہے اور ہر مقام پر قرآن اور حدیث کے حوالے دیئے ہیں - باب سوم میں فاضل مصنف نے کبائر یعنی بڑے بڑے گناہوں کی فہرست بیان کی ہے - باب چہارم حصہ تصوف کو محیط ہے - اس میں اسلامی تصوف کو خاصی تفصیل سے بیان کیا ہے -

شروع سے آخر تک کتاب بہترین مضامین کا احاطہ کئے ہوئے ہے - تمام مشمولات و مندرجات قابل مطالعہ ہیں اور اسلامی معاشرے کے ہر فرد کو اس سے باخبر ہونے کی ضرورت ہے - مبلغین ، واعظوں اور مقرروں کے لیے یہ کتاب بالخصوص لائق مطالعہ ہے - اللہ تعالیٰ مصنف کو جزائے خیر عطا فرمائے ، انھوں نے یہ کتاب بڑی محنت سے مرتب کی ہے - ساڑھے پانچ سو صفحات کے اس ضخیم مجموعے کی قیمت صرف پندرہ روپے ہے -